ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

بافضال گوناگون خداوند جہان در بیان حلت و حرمت الوان رسالہ

تحقیق الالوان فی تحفۃ الاخوان

باہتمام راجی غفران یزدان منان محمد عبد الرحمن بن حاجی محمد روشن خان مغفور ترتیب یافتہ برادر اعظم محمد مصطفیٰ خان صاحب مرحوم

در مطبع نظامی واقع کانپور مطبوع گردید ۱۲۸۱ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد رنگارنگ اور ثنای گوناگون اوس خالق بیچون و بیچگون کو سزاوار ہی جس نے ایک مشت خاک کثیف سے
رنگ برنگ صورتین لطیف کوئی سرخ کوئی زرد کوئی سیاہ کوئی سفید کوئی خیر انکی بنائین اور تحفہ درود نامحدود اوس صاحب
مقام محمود کو لائق ہی کہ مبعوث کیے گئے طرف اسود و احمر اور جن و بشر کے ہین صلی اللہ علیہ و علی آلہ وصحبہ وسلم اما بعد
کہتا ہی یہ پرگناہ نامہ سیاہ امیدوار مغفرت پروردگار کہ اللہ تعالی وسکو زرد روئی دنیا اور سیہ روئی آخرت کی سے
بچاوے اور سرخرو و سرسبز دارین مین فرماوے کہ ایک سالہ حضرت قدوۃ المحدثین و المفسرین زبدۃ المحققین و المدققین
مولانا شاہ رفیع الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا جو رنگون کے جواز و عدم جواز مین عجیب و غریب ہی ہاتھ آیا
بعض بعض صاحبون کو پڑھکر سنایا اونھون نے موافق سمجھ اپنی کے کہین کہین مولانا صاحب کی تحقیقات پر انگشت
اعتراض کی رکھی یہ بات اس خادم العلما کو ناگوار ہوئی اس لیے اوس رسالہ نافعہ کو حسب استعداد احادیث سرور مختار
اور آثار اصحاب اخیار اور اقوال ائمہ ابرار سے مدلل کردیا اور نام اسکا تحفۃ الاخوان فی تحقیق الالوان
رکھا تا اعتراض معترضین کا اوٹھ جاوے اور یہ خاکسار عند اللہ اجر اسکا پاوے و باللہ التوفیق و علیہ التکلان مستن

~~رنگ عصفر بر دو قسم است یکی ... دوم ... رنگ ...~~

درہند گویند و آن منصوص التحریم ست ترجمہ یعنی رنگ کسم کا دو قسم پر ہے ایک نرا کسم کا اور دوسرا اور رنگ کے

مقدمہ رنگ ... معرب
دو مرکب
افسام مفرد

ساتھہ ملا ہوا جوز الکسم کا ہی اوسکو ارجوانی عربی مین اور گلناری فارسی مین اور سوہا ہندی مین کہتے ہین اور وہ حرام
منصوص ہی انتہی شرح وہ نص جس سے حرمت اسکی معلوم ہوتی ہی یہ ہی نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
عَنْ لُبْسِ الْمُعَصْفَرِ رَوَاهُ الشَّيْخَانِ ترجمہ منع کیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پہننے سے کسم رنگے ہوئے کپڑے
کے روایت کیا اسکو بخاری و مسلم نے اور سوا ان کے اوروں نے بھی روایت کیا ہی تحقیق ارجوانی اور گلناری کی
ارجوانی عربی مین گہرے سرخ رنگ کو کہتے ہین تیسیر الوصول مین ہی الْاُرْجُوَانُ صِبْغٌ اَحْمَرُ شَدِيْدُ
الْحُمْرَةِ ارجوان رنگ سرخ ہی گہری سرخی الا انتہی اور نہایہ مین ہی وَفِيْ حَدِيْثِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ
اَنَّهُ غَطّٰى وَجْهَهُ وَهُوَ مُحْرِمٌ بِقَطِيْفَةٍ حَمْرَاءَ اُرْجُوَانٍ اَيْ شَدِيْدِ الْحُمْرَةِ وَهُوَ مُعَرَّبٌ مِنْ
اَرْغُوَانَ وَهُوَ شَجَرٌ لَهُ نَوْرٌ اَحْمَرُ وَكُلُّ لَوْنٍ يُشْبِهُهُ فَهُوَ اُرْجُوَانٌ وَقِيْلَ هُوَ الصِّبْغُ الْاَحْمَرُ الَّذِيْ
يُقَالُ لَهُ النَّشَاسْتَجُ وَقِيْلَ اِنَّ الْكَلِمَةَ عَرَبِيَّةٌ وَالْاَلِفُ وَالنُّوْنُ زَائِدَتَانِ انتہی ترجمہ اور مروی ہی
حضرت عثمان رض سے کہ البتہ چھپایا اونہون نے منہ اپنا حالت احرام مین چادر سرخ ارجوانی سے اور ارجوان گہری سرخی
کو کہتے ہین معرب ہی ارغوان کا کہ فارسی مین نام ہی ایک درخت سرخ شگوفہ دار کا پس جو رنگ مشابہ اوسکے
شگوفے کے ہی وہ ارجوان ہی یعنی اصل مین نام درخت شگوفہ دار کا ہی بسبب مناسبت رنگ شگوفے کے ہر سرخی
گہری پر اطلاق کرتے ہین اور بعضون نے کہا ہی ارغوان رنگ سرخ ہی کہ اوسکو نشاستج کہتے ہین اور بعضے صاحبون نے
کہا ہی ارجوان کلمہ عربی ہی الف و نون اس مین زائد ہین انتہی اور قاموس مین ہی الْاُرْجُوَانُ بِالضَّمِّ الْاَحْمَرُ
وَثِيَابٌ حُمْرٌ وَصِبْغٌ اَحْمَرُ وَالْحُمْرَةُ وَالنَّشَاسْتَجُ وَاَحْمَرُ اُرْجُوَانِيٌّ قَانٍ انتہی اور صراح مین ہی
ارجوانی رنگیست سخت سرخ و درختی ست کہ شگوفہ آن سرخ میباشد معرب ارغوان ارجوانی منسوب بوی انتہی و صحیح
ہو کہ یہ نسبت اوسوقت ہی جب ارجوان کو معرب ارغوان کا ٹھہراوین جیسا کہ بعضون نے کہا ہی اور اوس حال مین کہ لفظ ارجوان
اصلاً عربی قرار دیا جاوے یا اسمیت بحث اوسمین ٹھہرائی جاوے جیسا کہ گئے ہین طرف اوسکے بعضے بلکہ خود ماتن
رحمہ اللہ تعالی تو اوسوقت ارجوانی مین حرف یا کا نسبتی ہوگا جیسے سرخی سبزی زردی وغیرہ مین ہی کہ منسوب ہی
اون مین سے ہر یک طرف سرخ و سبز و زرد کے نہین ہی یہ لفظ اوسی حال مین منسوب ہی طرف ارجوان کے کہ ساتھہ معنی
شدید الحمرۃ کے ہی اور اسی کو فارسی مین گلناری کہتے ہین کہ تشبیہ ساتھہ گلنار کے دی گئی ہی کہ وہ بہت سرخ ہوتا ہی

مانند ارجوان کے منتخب مصطلحات بہار عجم میں ہے گلنار در فارسی گلیست بغایت سرخ رنگ و خوش رنگ و گل صدبرگ ولالہ صد برگ نیز گویند اور غیاث اللغات میں ہے گلنار فارسی گلیست از انار کہ گل آن صدبرگ و بغایت سرخی وگلانی باشد اور برہان قاطع میں ہے گلنار بضم اول و با نون بروزن ہشیار شگوفہ گلنار را گویند و بعضی گویند کہ آن گل درخت انار بری ست و بغیر از گل ثمری ندارد و ثمر وی ہمان ست و بہترین آن مصری باشد و نیز گل سرخ بزرگ صدبرگ را گفتہ اند و معرب آن جلنار باشد انتہی اور ہندی میں اوسی کو سوہا کہتے ہیں نفائس اللغات میں ہے سوہا بضم اول و سکون و او معروف و ہا بالف جامہ سرخ رنگ کہ از گل گازیرہ رزند و بعربی معصفر گویند انتہی اور کسم کے رنگ کے کئی درجہ ہیں ایک مُفَدَّم ساتھ پیش میم اور فتح فا اور تشدید دال مشددہ مفتوحہ کے وہ مردون کو حرام ہے جیسا کہ نہایہ میں ہے کہا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے نَهَانِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقْرَأَ الْقُرْاٰنَ وَاَنَا رَاكِعٌ وَّاَلْبَسَ الْمُعَصْفَرَ الْمُفَدَّمَ ترجمہ یعنی منع کیا مجھکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ پڑھوں میں قرآن حالت رکوع میں اور پہنوں میں کسم کا گہرا رنگا ہوا کپڑا انتہی نہایہ میں ہے اَلْمُفَدَّمُ هُوَ الثَّوْبُ الْمُشْبَعُ حُمْرَةً كَاَنَّهُ الَّذِيْ لَا يُقْدَرُ عَلَى الزِّيَادَةِ عَلَيْهِ لِتَنَاهِيْ حُمْرَتِهٖ فَهُوَ كَالْمُمْتَنِعِ مِنْ قَبُوْلِ الصِّبْغِ یعنی مفدم وہ کپڑا ہے کہ اوسکو خوب رنگ کسم کا پلایا ہو گویا وہ اوس حد کو پہنچا کہ اب اوسپر زیادہ رنگ چڑھ سکیگا بسبب کمال سرخی اوسکی کے گویا ممتنع ہے زیادہ رنگ قبول کرنے سے اور سنن ابن ماجہ میں ابن عمر رض سے مروی ہے کہ کہا اونھون نے نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُفَدَّمِ قَالَ يَزِيْدُ قُلْتُ لِلْحَسَنِ مَا الْمُفَدَّمُ قَالَ الْمُشْبَعُ بِالْعُصْفُرِ ترجمہ یعنی منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مفدم سے کہا یزید نے کہ وہ راویون سے اس حدیث کے ہے کہ کہا مین نے حسن کو کیا ہے مفدم کہا اونھون نے وہ رنگ ہے گہرا رنگ کیا ہوا کسم سے انتہی اور مُقَدَّم بھی لغت اس میں آیا ہے ساتھ قاف کے اور ایک رنگ مضرج ہے ساتھ ضاد منقوطہ اور جیم ابجد کے بروزن مقرب وہ بھی مردون کو حرام ہے اور اوسکا درجہ مورّد اور مفدم کے درمیان میں ہے یعنی مورد سے گہرا اور مفدم سے پھیکا چنانچہ نہایہ میں ہے اَلْمُضَرَّجُ دُوْنَ الْمُفَدَّمِ وَبَعْدَهُ الْمُوَرَّدُ یعنی مضرج ہلکا رنگ ہے مفدم سے اور مضرج سے پھیکا مورد ہے یعنی گلابی اور صراح میں ہے تضریج رنگ سرخ کردن جامہ را وَهُوَ دُوْنَ الْمُشْبَعِ وَفَوْقَ الْمُوَرَّدِ انتہی یعنی صراح میں ہے تضریج

سرخ رنگ کرنا کپڑیکا اور وہ رنگ ہلکا ہی شبع سے اور گہرا ہی مورد سے اور سنن ابوداود مین ہی عن عمرو بن
شعیب عن ابیہ عن جدہ قال ہبطنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ثنیۃ
فالتفت الی وعلی ریطۃ مضرجۃ بالعصفر فقال ما ہذہ الریطۃ علیک فعرفت
ما کرہ فاتیت اہلی وہم یسجرون تنورا لہم فقذفتہا فیہ ثم اتیتہ من الغد فقال
یا عبد اللہ ما فعلت الریطۃ فاخبرتہ فقال الا کسوتہا بعض اہلک فانہ لا باس بہ
یعنی روایت کیا اس حدیث کو عمرو بن شعیب نے اپنے باپ شعیب سے اونھون نے عمرو کے دادا سے یعنی اپنے باپ سے
کہا اونھون نے اوترے ہم لوگ ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک پہاڑ کی گھاٹی سے سو پلٹ کر دیکھا طرف میرے
یعنی حضرت نے اور مجھپر ایک چادر گہرے رنگ کسم کی تھی پھر فرمایا مجھ سے کیسی ہی یہ چادر سو پہچانی مین نے وہ چیز کہ مکروہ جانا
اوسکو آنحضرت نے پھر آیا مین اپنے گھر کے لوگون مین اور وہ اپنا تنور جلا رہے تھے پھر ڈالدی مینے وہ چادر اوسمین پھر
آیا مین اگلے روز آنحضرت کے پاس سو پوچھا آپنے ای عبد اللہ کیا ہوئی تیری چادر پھر اطلاع کی مینے آپ کو یعنی اوسکے
جلانے سے فرمایا آپنے کیون نہین اوڑھا دی تونے وہ چادر کسی اپنے گھر کی عورت کو کہ نہین ڈر ہی اوسکے اوڑھنے کا عورتون
کو انتہی اور کہا بعض نے کہ مرجع ضمیر عن جدہ کا دادا شعیب کا ہی یعنی روایت کرتا ہی عمرو اپنے باپ شعیب سے اور شعیب روایت
کرتا ہی اپنے دادا سے جو عمرو بن ابی العاص صحابی معروف ہین پس اس صورت مین مرجع ضمیر اقرب ہوتا ہی اور مرتبہ نسبی
ابعد اور صورت اول مین عکس اوسکا ہوتا ہی یعنی مرجع ضمیر ابعد اور مرتبہ نسبی اقرب مگر اوسکو نقل کرکے بیان کیا ہی
محدثین نے اور خلاف کو اوسکے مختار ہکذا استفدت من بقیۃ المحدثین المولوی الشیخ محمد التہانوی اور واضح ہو
کہ فعلت کو ساتھ صیغہ خطاب کے پڑھو تو بھی درست ہی اوس حال مین ریطہ مفعول ہوگا اور اگر چاہو ساتھ
صیغہ تانیث کے پڑھو اوس حال مین ریطہ فاعل اوسکا ہوگا مگر شق اخیر مرجح ہی ہکذا استفدت من بقیۃ المحدثین المولوی
الشیخ محمد التہانوی اور ایک رنگ مورد ہی او پر وزن محمد کے جسکو گلابی کہتے ہین لمعات مین ہی المورد ما صبغ
علی لون الورد یعنی مورد وہ کپڑا ہی کہ رنگا جاوے اوپر رنگ گلاب کے وہ بھی مردون کو حرام ہی چنانچہ مشکوۃ مین عبد اللہ
بن عمرو بن العاص سے مروی ہی کہ کہا اونھون نے رای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعلی ثوب مصبوغ
بعصفر مورّدا فقال ما ہذا قال فعرفت ما کرہ فانطلقت فاحرقتہ فقال النبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا صَنَعْتَ بِثَوْبِكَ قُلْتُ أَحْرَقْتُهُ قَالَ فَلَا كَسَوْتَهُ بَعْضَ أَهْلِكَ فَإِنَّهُ
لَا بَأْسَ بِهِ لِلنِّسَاءِ ترجمہ یعنی دیکھا مجھ کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور مجھپر کپڑا تھا رنگا ہوا کسم
کا سیر گلابی پھر فرمایا آپنے کیا ہی یہ سو معلوم کیا مینے کہ مکروہ جانا آپنے اوسکو پھر چلا گیا مین اور جلا دیا اوسکو
پھر جب گیا مین آپکے پاس فرمایا کیا کیا تونے اپنے کپڑے کو عرض کی مینے کہ جلا دیا مینے اوسکو آپنے فرمایا
کیون نہیں اوڑھا دیا تونے اوسکو کسی گھر والی عورت اپنی کو کہ نہین مضایقہ ہی اوسمین عورتون کو انتہی اور
آگے متن مین معصفر اور مورد کی تحقیق آویگی انشاء اللہ تعالی اور جو نہایہ مین عروہ رضی اللہ عنہ سے مروی
ہی اِنَّهُ كَرِهَ الْمُفْدَمَ لِلْمُحْرِمِ وَلَمْ يَرَ بِالْمُضَرَّجِ بَأْسًا یعنی البتہ عروہ رضی اللہ عنہ نے مکروہ جانا پہننا کپڑے
مفدم کا واسطے مُحرِم کے یعنی حالت احرام مین اور نہین دیکھا کچھ باک پہننے مضرج مین انتہی سو وہ محمول
ہی مستورات کے حق مین کہ اونکو کسم رنگا ہوا پہننا حالت احرام مین بھی درست ہی سب کے نزدیک خلاف امام ابو حنیفہ
رحمہ اللہ کے بلکہ مشبع بھی درست ہی مؤطا مین اسما بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما سے عروہ رض روایت کرتے ہین
اِنَّهَا كَانَتْ تَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَاتِ الْمُشْبَعَاتِ وَهِيَ مُحْرِمَةٌ لَيْسَ فِيهَا زَعْفَرَانٌ یعنی بیشک
وہ پہنتی تھین کسم کے گہرے رنگے ہوئے کپڑے اور حال یہ کہ وہ احرام باندھے ہوئے ہوتی تھین اور نہوتا تھا
اوسمین زعفران و اضح ہو کہ کلام فقہای کرام مین جہان کہین لفظ مکروہ کا بلا قید کے وارد ہوا ہی مثلاً کہین
کہ یہ کام مکروہ ہی تو مراد اوس سے حرام ہوتا ہی مگر یہ کہ تنصیص کردین تنزیہ ہونے پر جیسے کہین یہ مکروہ تنزیہی ہی تو
وہان پر وہی مراد ہوگا ردّ المحتار المعروف بشامی مین ہی اِعْلَمْ اَنَّ الْكَرَاهَةَ اِذَا اُطْلِقَ فِي كَلَامِهِمْ
فَالْمُرَادُ مِنْهُ التَّحْرِيمُ اِلَّا اَنْ يُنَصَّ عَلَى كَرَاهَةِ التَّنْزِيهِ فَقَدْ قَالَ الْمُصَنِّفُ فِي الْمُصَفّٰى لَفْظُ
الْكَرَاهَةِ عِنْدَ الْاِطْلَاقِ يُرَادُ بِهِ التَّحْرِيمُ قَالَ اَبُو يُوسُفَ قُلْتُ لِاَبِي حَنِيفَةَ رح اِذَا
قُلْتَ فِي شَيْءٍ اَكْرَهُهُ فَمَا رَأْيُكَ فِيهِ قَالَ التَّحْرِيمُ انتہی ترجمہ یعنی جان تو البتہ لفظ کراہت کا
جسوقت بلا قید وارد ہو بیچ کلام فقہا کے پس مراد اوس سے حرمت ہوتی ہی مگر یہ کہ تصریح کیجاوے اوپر کراہت تنزیہ
کے کہا ہی مصنف نے بیچ مصفّٰی کے لفظ کراہت سے وقت اطلاق کے یعنی بلا ذکر قید کے مراد لیجاتی ہی حرمت کہا ابو یوسف نے
کہا مینے امام ابو حنیفہ رح سے جب کہ فرماتے ہو تم کسی چیز کو مکروہ سو کیا مراد ہی تمہاری اوس سے فرمایا امام صاحب نے حرمت

ف تاویل کسوہ اہن ہی

ف مکروہ بلا قید مراد تحریمی ہوتا ہی

مراد ہی انتہی اور بعض علما طرف حلال ہونے اوسکے کے گئے ہین یعنی کسم کے رنگ کے اور جواب دیتے ہین وہ
حدیث علی کرم اللہ وجہہ سے جو اوپر مذکور ہوچکی ہی اور کہتے ہین وہ کہ نہین لازم ہوتی ہی نہی کرنے حضرت کے
سے خاص علی رضی اللہ عنہ کو نہی تمام امت کی کیونکہ ظاہر قول ونہی نَهَانِي سے یہی مفہوم ہی کہ نہی مخصوص تھی ساتھ
اونہین کے اور اسی لیے بعض روایت مین اوس سے لفظ وَلَا اَقُوْلُ نَهَاكُمْ کا بھی ثابت ہوا ہی یعنی اور
نہین کہتا ہون منع کیا تم کو ساتھ ضمیر جمع کے اور یون ہی حدیث ابن عمر کی ہی کہا اونھون نے کہ دیکھے حضرت نے مجھپر
دو کپڑے کسم کے رنگے ہوئے پھر فرمایا کہ بیشک یہ کفار کے کپڑون سے ہین فَلَا تَلْبَسْهُمَا یعنی سو تومت پہن
اوسکو ساتھ صیغہ خطاب کے سو نہین لازم ہوتی ہی خاص نہی کرنے اونکے سے نہی تمام امت کی سو مبنی ہی یہ مسئلہ
اوپر ایک مسئلہ مختلف فیہ اصول کے وہ یہ ہی کہ اختلاف ہی اہل اصول مین درمیان اسکے کہ حکم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کا اوپر ایک کے امت سے کیا وہ حکم سب امت پر ہوتا ہی یا نہین وَالْحَقُّ الْاَوَّلُ یعنی اور پہلا ہی حکم حق ہی یعنی ایک کو
جو حضرت نے حکم کیا وہی سب کے لیے ہی فَيَكُوْنُ نَهْيُهُ لِعَلِيٍّ وَعَبْدِ اللهِ نَهْيًا لِجَمِيْعِ الْاُمَّةِ ترجمہ یعنی پس
ہوا منع کرنا حضرت کا علی اور عبد اللہ رضی اللہ عنہما کو منع واسطے سب امت کے کذا فی نیل الاوطار شرح منتقی الاخبار
اور کہا بعض محققین نے کہ فرمانا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا وَلَا اَقُوْلُ نَهَاكُمْ محمول ہی حالت تعلل پر لوگون کے اور کی
بجا آوری مین یعنی دقت تنگ آنے اور رنج ہونیکے لوگون سے حضرت نے یہ فرمایا کہ مقصود اسمین کمال توعیظ و تذکیر ہی
نہ عدم نہی مثل جملہ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ کے کہ مبین کمال تنگی سے ہی نہ مشعر خوبی کفر پر کذا سمعت من بقیۃ
المحدثین المولوی الشیخ محمد التھانوی اور نہین معارض ہوتا ہی اس حرمت کو کپڑے رنگنا حضرت کا زردی سے وقت
مان لینے اس بات کے کہ وہ زردی کسم کی ہوتی تھی کیونکہ اصول مین یہ ٹھہر چکا ہی کہ اِنَّ فِعْلَهُ الْخَالِيَ عَنْ دَلِيْلِ
التَّأَسِّيْ الْخَاصِّ لَا يُعَارِضُ قَوْلَهُ الْخَاصَّ بِالْاُمَّةِ ترجمہ یعنی فعل حضرت کا کہ خالی ہو دلیل پیروی سے
کہ خاص ہی یعنی ساتھ حضرت کے نہین معارض ہوتا ہی قول اونکے کو کہ خاص ہی ساتھ امت اونکی کے انتہی فَالْاَرْجَحُ
تَحْرِيْمُ الثِّيَابِ الْمُعَصْفَرَةِ ترجمہ سو راجح ہوگی حرمت کپڑون کسمبی کی انتہی اور یون ہی نہین معارض ہوتا ہی
درمیان رنگنے حضرت کے کپڑون کو سرخ اور حلہ حمرا سے کے کہ اول ہی وہ ساتھ مخطط کے اسلیے کہ نہی ان احادیث مین متوجہ ہی
طرف ایک نوع خاص کے حمرت سے وَهِيَ الْحُمْرَةُ الْخَالِصَةُ عَنْ صِبَاغِ الْعُصْفُرِ كَذَا فِيْ نَيْلِ الْاَوْطَارِ ترجمہ

ف اور بعض علما کا مذہب حلت رنگ کسم ہی

ف اختلاف اس مسئلہ کا مبنی ہی اوپر اختلاف مسئلہ اصول کے

ف حق یہ ہی کہ جو حکم حضرت نے ایک پر کیا وہ سب امت پر ہوتا ہی

ف راجح ہونا تحریم ثیاب معصفر کا

اور وہ سرخی خالص ہی کسم کے رنگ سے یعنی اون حدیثون مین صرف خالص رنگت کسم کی ممنوع ہی بخلاف اور سرخیون کے
اور باقی اور رنگ سے ملے ہوے مقید ساتھ کسی ترکیب کے کہ پھیکے ہین مفدم اور مضرج اور مورد سے درست ہین چنانچہ آگے
متن مین بیان ہوگا انشاء اللہ تعالی اور یہ تینون رنگ مذکور حرام ہین مگر امام مالکؒ کے نزدیک کہ ان رنگون کے
لحاف وغیرہ گھر مین اوڑھنے جائز ہین جیسے کہا قسطلانی شارح بخاری نے وَقِيْلَ يُكْرَهُ بِقَصْدِ الزِّيْنَةِ وَالشُّهْرَةِ
وَيَجُوْزُ فِي الْمِهْنَةِ وَالْبُيُوْتِ وَنُقِلَ عَنْ مَالِكٍ ترجمہ یعنی اور کہا گیا ہی کہ مکروہ ہی پہننا اوسکا ساتھ قصد
زینت اور شہرت کے اور جائز ہی پہننا اوسکا کاروبار کرنے مین اور گھر مین اور نقل کیا گیا ہی امام مالکؒ سے مصفی مین قَالَ
مَالِكٌ فِي الْمَلَاحِفِ الْمُعَصْفَرَةِ لِلرِّجَالِ فِي الْبُيُوْتِ لَا أَعْلَمُ شَيْئًا مِنْ ذٰلِكَ حَرَامًا وَغَيْرُ ذٰلِكَ
مِنَ اللِّبَاسِ أَحَبُّ إِلَيَّ ترجمہ یعنی کہا امام مالکؒ نے ملاحف معصفرہ کے باب مین واسطے مردون کے گھرون مین اپنے
نہین جانتا ہون مین کوئی شی اوس سے حرام اور سوا اوسکے پوشاک سے بہتر ہی نزدیک میرے حاصل کلام کا قول
ساتھ معصفر کے ہی بغیر تحریم کے انتہی مترجم لکھتا ہی یعنی صاحب مصفی کہ تعاقب اوسکا کیا گیا ہی اس قول کا ساتھ حدیث
عبداللہ بن عمر کے کہ حضرت نے دیکھی اوپر ایک چادر رنگی ہوئی کسم کی پھر بطور انکار کے فرمایا مَا هٰذِهِ الرَّيْطَةُ عَلَيْكَ
ترجمہ یعنی کیسی ہی یہ چادر تجھپر سو معلوم کیا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ناپسند رکھنا اوسکا حضرت سے کہا عبداللہ رض نے
کہ آیا مین اپنے گھر اور گھر والے تنور جلاتے تھے پھر ڈالدی مینے وہ چادر تنور مین پھر گیا مین حضرت کے پاس اور آگاہ کیا مینے
حضرت کو اوس ماجرے سے سو فرمایا آپ نے کہ کیون نہ اوڑھادی تونے وہ اپنی کسی گھر والی عورت کو اسلیے کہ کچھ ڈر نہین اوسکے
اوڑھنے مین عورتون کو چنانچہ یہ حدیث اوپر گذر چکی ہی انتہی اور امام شافعی رحمہ اللہ ساتھ سند اپنی کے انس بن مالک رض
سے روایت کرتے ہین اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى أَنْ يَّتَزَعْفَرَ رَجُلٌ ترجمہ بیشک نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ زعفران کا رنگا ہوا پہنے مرد انتہی اسی واسطے اکثر اہل علم نے حکم ساتھ تحریم مزعفر اور معصفر کے
مردون کے حق مین کیا ہی اور جائز رکھا عورتون کے لیے اور مکروہ نہین لباس رنگا ہوا گیروا اور مانند اوسکے کا نہ مردون کو
نہ عورتون کو انتہی **متن** وآن دیگر کہ مرکب ست بجز از سہ رنگ کہ سپید و زرد و نیل ست اختلاطی پذیرد ترجمہ
یعنی اور وہ دوسرا رنگ کہ مرکب ہی سوا تین رنگ سے کہ سپید اور زرد اور نیل ہی اوسکے قبول کرتا ہی انتہی **شرح**
یعنی مرکب ہوتا ہی وہ ساتھ ترکیب اختلاطی کے تین رنگ کے ساتھ سپید یا زرد یا نیل کے اور سوا ان تین رنگون کے اور رنگون کے

مذہب امام مالکؒ کا جواز لحاف وغیرہ کا صحیح نہین

ساتھہ ترکیب اختلاطی نہین دیا جاتا ہی موافق عرف و عادت کے اور اختلاط کے معنی ملنے کے ہین اور یہ سب اقسام ترکیب کے ہین
اور اوسکے کئی درجے ہین چنانچہ آگے خود ماتن رحمۃ اللہ علیہ بیان کرینگے جاننا چاہیے کہ جتنے رنگ سرخ و زرد و سبز و سیاہ و

ف بیان عرض ہونے رنگون کا

سفید وغیرہ ہین سب اعراض ہین عرض اوسکو کہتے ہین جو بذاتہ قائم نہو بلکہ کسی اور چیز کو عارض ہو اور اوسکے ساتھہ قائم ہو جیسے
سپیدی کہ ساتھہ کپڑے اور کاغذ کے قائم ہوتی ہی اور یون ہی سیاہی وغیرہ کہ اگر الگ کرو اوسکے معروض سے تو الگ ہوکر
قائم ساتھہ ذات اپنی کے نہو سکے اور اکٹھا ہونے اونکے سے ایک شی پر اونمین ترکیب حاصل ہو جاتی ہی جیسے عکس کسی چیز کا آئینہ
رنگین مین نمود ہو تو رنگ اوس عکس کا مرکب ہوگا رنگ اوس آئینے اور اوس چیز سے اور ایسے ہی حال رنگ قوس قزح کا ہی

ف تفصیل رنگ معصفر مرکب سپیدی سے

متن تفصیل آنکہ اگر مختلط با سفیدی شود اولین درجہ سپیدی کم و سرخی غالب و آنرا زعفرانی گویند یعنی برنگ گل زعفران و
دومی کہ سپیدی بہ نسبت اول فی الجملہ زیادہ دارد و آنرا مورد گویند یعنی سیر گلابی و سومی کہ دروی سپیدی مساوی سرخی باشد
و آنرا گلابی نیم سیر گویند این ہر سہ درجہ حرام ست ترجمہ یعنی تفصیل اسکی یہ ہی کہ جو ملا ہو ساتھہ سپیدی کے ہو تو اوسکے کئی درجے

ف بیان حرمت تین درجے رنگ معصفر مرکب کے

ہین اول درجہ وہ کہ سپیدی کم اور سرخی غالب ہو اوسکو زعفرانی کہتے ہین یعنی زعفران کے پھول کا سا رنگ اور دوسرا درجہ وہ کہ سپیدی
بہ نسبت اول کے زیادہ ہو اوسکو مورد کہتے ہین یعنی گلابی سیر تیسرا درجہ وہ کہ سپیدی برابر سرخی کے ہو اوسکو گلابی نیم سیر کہتے ہین
اور یہ تینون درجے حرام ہین انتہی شرح جاننا چاہیے کہ مراد قول ماتن رحمۃ اللہ علیہ مین ساتھہ لفظ زعفرانی کے سرخی زعفران
کی سی ہی کہ نسبت کیا سرخی اوسکی کو ساتھہ سرخی زعفران کے یعنی حرام ہی سرخی کسم کی وہ سرخی کہ زعفران کے پھول کے مانند ہو اور یہ
سرخی تیز اور شوخ ہوتی ہی اور گلابی کی سرخی سے بڑھکر ہوتی ہی عربی مین مضرج اوسی کو کہتے ہین اسلیے کہ یہ فوق ہی مورد سے اور
کم ہی مشبع سے اور جو ایسا ہووے مضرج ہی ابو داود مین ہشام سے ہی اَلْمُضَرَّجَۃُ الَّتِیْ لَیْسَتْ بِمُشْبَعَۃٍ وَّلَا مُوَرَّدَۃٍ

ف تحقیق لفظ معصفر اور زعفرانی

ترجمہ یعنی مضرج وہ رنگ ہی کہ نہ مشبع ہو یعنی گہرا اور نہ مورد یعنی گلابی اور اسی سبب سے اوسکو معصفر نکہا کیونکہ معصفر وہ ہی جو خود زعفران
سے رنگا جاتا ہی بخلاف اسکے کہ مشابہ ہو ساتھہ زعفران کے اس زعفرانی مین یائی تشبیہی ہی بخلاف معصفر کے کہ اوسکو جو زعفرانی کہتے ہین
اوسمین یائی نسبتی ہی اور یہ تینون رنگ حرام اسلیے ہین کہ ان تینون مین جو گلابی کو مورد شامل ہی اور داخل ہین یہ دونون مورد مین اور
مورد وہ رنگ ہی کہ مشابہ ہو ساتھہ رنگ ورد یعنی پھول گلاب کے اور گلاب کے پھول کے سیر اور نیم سیر دونون رنگ ہوتے ہین سیر گلاب
اور نیم سیر موسمی گلاب اور اوسکے اوپر کا درجہ داخل ہی مضرج مین کہ وہ مقدم ہے اوپر اور مورد سے چڑھا ہی تحقیق انکی اوپر ہوچکی ہی

ف گلابی پھیکا جائز ہی

متن و چہارمی آنکہ سپیدی غالب و سرخی عصفر مغلوب و آنرا کم سیر گلابی گویند و در ہندی پھیکا گلابی گویند حلال ست و علی ہذا القیاس

درجہاکہ بعدازان پیدا شوند مانند پیازی وخوانی ترجمہ یعنی چوتھا درجہ یہ ہی کہ سپیدی اوسمین غالب اور سرخی کسم کی مغلوب ہو کہ
اوسکو کم سیر گلابی کہتے ہین اور ہندی مین پھیکا گلابی کہتے ہین یہ حلال ہی اور اسی قیاس پر وہ درجے ہین جو اسکے بعد پیدا ہوتے ہین
مانند پیازی وغیرہ کے انتہی شرح یہ اقسام اسلیے حلال ہین کہ اون تینون قسمون محرمہ مذکورہ مین داخل نہین ہین اور حدیث شریف
مین لفظ مطلق مورد کا وارد ہی اور مطلق محمول ہوتا ہی فرد کامل پر اور وہ وہی رنگ ہی جس مین گلاب کے پھول کا سا رنگ ہو کرو
سیر اور نیم سیر ہی فقط اور اسلیے اوسکو پھیکا گلابی کہتے ہین کہ اوسمین گلاب کے پھول کی سی سرخی مگر کم اوس سے ہوتی ہی سو یہ داخل ہوگا اوسمین
جیسے نہین داخل ہوتا ہی پانی مقید پانی مطلق مین تشریح اسکی آگے آویگی انشاء اللہ تعالی عینی اور فتح الباری شرح بخاری مین ہی
وَقِيلَ يُكْرَهُ لُبْسُ الثَّوْبِ الْمُشَبَّعِ بِالْحُمْرَةِ دُوْنَ مَا كَانَ صِبْغُهُ خَفِيفًا ترجمہ یعنی اور کہا گیا ہی کہ
مکروہ ہی پہننا اوس کپڑے کا جو گہرا رنگا ہو ساتھ سرخی کے سوائے اوسکے کہ ہو رنگ اوسکا ہلکا کہ وہ ہلکا درست ہی انتہی متن و دوم

اختلاط زردی با عصفر درجہ اول زردی کم و سرخی غالب آن را نارنجی گویند دوم زردی زیادہ از اول و آن را سنہرا گویند سوم آنچہ
قریب و بیست مانند چنپئی این ہمہ اقسام حرام است ترجمہ اور جو رنگ کسم کا ملا ہو ساتھ زردی کے اوسکے بھی کئی درجے ہین اول درجہ
وہ ہی کہ اوسمین زردی کم اور سرخی زیادہ ہو اوسکو نارنجی کہتے ہین اور دوسرا درجہ وہ ہی کہ زردی اوسمین نسبت پہلے کے زیادہ ہو مگر
سرخی سے مغلوب ہو اوسکو سنہرا کہتے ہین یعنی مشابہ ساتھ زر سرخ خالص کے کہ ذاتی رنگ سونے کا ایسا ہی ہوتا ہی اور تیسرا درجہ وہ ہی
جو اوس سے قریب ہی مانند چنپئی کے یہ سب قسم حرام ہین انتہی شرح یہ سب حرام بسبب غلبہ کسم کے ہین اور اعتبار ہی قسم واسطے اغلب
کے تحقیق اوسکی آگے آویگی انشاء اللہ تعالی متن و چہارم آنچہ در وی زردی بیشتر سرخی عصفر مغلوب مانند طلائی و کیسری و مانند
رنگ زردچوب ہارسنگار و ورس این ہمہ اقسام جائز ست ترجمہ اور چوتھا درجہ یہ ہی کہ اوسمین زردی گہری اور سرخی کسم کی کم ہو
جیسے طلائی اور کیسری اور مانند ہلدی اور ہارسنگار اور ورس کے یہ سب اقسام جائز ہین شرح ماتن رحمۃ اللہ علیہ نے اوپر کی عبارت
مین رنگ سنہرا اور زعفرانی حرام لکھا اور یہان طلائی اور کیسری جائز فرمایا اور باعتبار لغت کے معنون مین سنہرا اور طلائی ایک ہی اور
یون ہی زعفرانی اور کیسری ایک ہی کیونکہ طلا سونے کو کہتے ہین اور زعفران کیسر کو کہتے ہین لیکن عرف مین اہل ہند کے
اسمین فرق ہی وہ سنہرا اوسکو کہتے ہین جس مین سرخی غالب ہی اور زردی مغلوب اور رنگ طلائی عکس اوسکے کو اور علاوہ عرف کے
لغوی معنی طلائی کے ملمع بھی آئے ہین اور سونے کا ملمع جو ہلکا ہوتا ہی اوسمین سرخی کم اور زردی زیادہ ہوتی ہی اور یون ہی زعفرانی
اور کیسری ہی اور یہ اقسام مذکورہ جائز اسلیے فرمائے کہ انکی حرمت مین کوئی نص نہین وارد ہوئی اور نہ بسبب داخل ہونے انکے کے

یعنی قسم چہارم کا متن مذکور ہی

تفصیل رنگ عصفر مع زردی

اقسام حرام اوسکے

اقسام جائز اوسکے

دفع تناقض کا جو کلام ماتن میں ہی

وجہ جواز اقسام مذکورہ کی

تحت مین مطلق کے اور اعتبار غلبے کا نصف مین اور نصف سے زیادہ مین ہوتا ہی چنانچہ اسکا ذکر آگے آویگا انشاء اللہ تعالی اور
زردی کے غلبے کا اعتبار نہین کیونکہ پہننا صرف زرد کپڑیکا حضرت سے ثابت ہی جیسے سنن ابوداؤد مین ہی کہ لم یکن شیء
احبّ الیه من الصُّفرۃ ترجمہ یعنی کوئی رنگ بہت پیارا نتھا حضرت کو زرد رنگ سے وکان یصبغ ثیابه
کلّها حتی عمامته ترجمہ اور رنگتے تھے آنحضرت زردی سے اپنے سب کپڑے عمامے تک کذا فی نظم الدرر اور مشکوۃ
مین ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہی انّه کان یصفّر لحیته بالصُّفرۃ حتی تمتلی ثیابه من الصُّفرۃ
فقیل له لم تصبغ بالصُّفرۃ قال انّی رایت رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم یصبغ بها ولم یکن شیء
احبّ الیه منها وقد کان یصبغ بها ثیابه کلّها حتی عمامته ترجمہ یعنی تھے ابن عمرؓ کہ رنگتے
داڑھی اپنی زردی سے یہان تک کہ آلودہ ہوجاتے کپڑے اونکے زردی سے کہا گیا اونسے آپ کیون رنگتے ہو زرد کہ کہا
کہا بیشک دیکھا مینے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہ رنگتے تھے زردی سے یعنی داڑھی اور نتھی کوئی چیز پیاری بہت قد کون
مین طرف آنحضرت کے زردی سے اور بیشک حضرت صلی اللہ علیہ وسلم یا ابن عمرؓ رنگتے تھے زردی سے اپنے سب کپڑے یہانتک
کہ پگڑی اپنی بھی انتہی کہا جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ نے کہ کہا بعضون نے کہ مراد اس حدیث مین رنگنا بالون کا ہی اور بعضون
نے کہا کہ مراد رنگنا کپڑون کا ہی اور یہی اشبہ ہی کیونکہ نہین منقول ہی حضرت سے رنگنا بالون کا بموجب روایات احمد اور اقوال مرجحہ کے
مثل تصحیح شمائل ترمذی وغیرہ کے بسبب سپید نہونے بالون کے مگر چند بال گنتی کے اور واضح ہو کہ جو بعضون نے کہا ہی کہ مراد رنگنے سے
صرف رنگنا داڑھی کا ہی کپڑونکا نہین اونکے جواب مین صاحب نیل الاوطار لکھتے ہین بیان مین معصفر کے قال جماعة من
العلماء بالکراهة التنزیه وحملوا النهی علی هذا لما فی الصحیحین من حدیث ابن عمر رضی الله
عنهما قال رایت رسول الله صلی الله علیه وسلم یصبغ بالصُّفرة زاد فی روایة ابو داود والنسائی
وقد کان یصبغ بها ثیابه کلها وقال الخطابی النهی منصرف الی ما یصبغ من الثیاب وکانه
نظر الی ما فی الصحیحین من ذکر مطلق الصبغ بالصُّفرة فقصره علی صبغ اللحیة دون الثیاب و
جعل النهی متوجها الی الثیاب فلم یلتفت الی تلک الزیادة المصرحة بانه کان یصبغ ثیابه
بالصُّفرة انتهی ترجمہ یعنی کہا ایک جماعت علما نے کہ رنگ کسم کا مکروہ تنزیہی ہی اور حمل کیا اونھون نے نہی کو اسپر اسلیے
کہ بخاری اور مسلم مین حدیث ابن عمرؓ سے ہی کہا اونھون نے دیکھا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ رنگتے تھے زردی

زیادہ کیا ہی روایت مین ابوداؤد اور نسائی نے کہ بیشک رنگتے تھے زردی سے سب کپڑے اپنے اور کہا خطابی نے کہ نہی پھرنے والی ہی طرف اوس چیز کے کہ رنگے جاتے ہین کپڑون سے یعنی کپڑے رنگنا زردی سے منع ہین سو گویا اوسنے نظر کی طرف اوسکے جو بخاری اور مسلم مین ہی ذکر مطلق زرد رنگ کا سو مقصر کیا اوسنے نہی کو رنگنے پر داڑھی کے سوا کپڑون کے اور کیا نہی کو متوجہ طرف کپڑون کے اور نہین التفات کیا اوسنے طرف اوس زیادتی کے جو تصریح کرنیوالی ہی طرف اسکے کہ بیشک وہ رنگتے تھے کپڑے اپنے زردی سے انتہی اور علاوہ اسکے اگر رنگنا مخصوص ساتھ داڑھی کے کیا جاوے تو نص نہین چاہیے کہ استعمال اوسکا داڑھی کے سوا لباس مین منع ہی اور یہ بات یون نہین ہی جیسا کہ نیل الاوطار مین بیچ

(حاشیہ: [illegible] مین مذکور ہی)

وَرَقِیْل حدیث ابوداؤد اور نسائی کے ابن عمرؓ سے ہی اِنَّہٗ یَصْبَغُ ثِیَابَہٗ وَیَدَّھِنُ بِالزَّعْفَرَانِ الحدیث ترجمہ کر وہ ہی ابن عمرؓ رنگتے تھے کپڑے اپنے اور تیل ڈالتے تھے بالون مین ساتھ زعفران کے آخر حدیث تک لکھا ہی

(حاشیہ: تفصیل رنگ عصفر و زردی — [illegible])

اختلاط منذری وَاخْتَلَفَ النَّاسُ فِي ذٰلِكَ فَقَالَ بَعْضُھُمْ اَرَادَ خِضَابَ اللِّحْیَۃِ بِالصُّفْرَۃِ وَقَالَ وَبَعْضُ اَرَادَ تَصْفِیْرَ ثِیَابِہٖ وَتَلْبِسَۃ ثِیَابًا صَفْرَاءَ انتہی وَیُؤَیِّدُ الْقَوْلَ الثَّانِي تِلْكَ الزِّیَادَۃُ الَّتِي اَخْرَجَھَا اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ قَوْلُہٗ حَتّٰی عِمَامَتَہٗ بِالنَّصْبِ وَالْحَدِیْثُ یَدُلُّ عَلٰی مَشْرُوْعِیَّۃِ صِبْغِ الثِّیَابِ بِالصُّفْرَۃِ وَقَدْ تَقَدَّمَ الْکَلَامُ عَلٰی ذٰلِكَ فِي نَھْيِ الرَّجُلِ عَنِ الْعُصْفُرِ انتہی ترجمہ کہا منذری نے کہ اختلاف کیا ہی لوگون نے اسمین کہا بعض اونکے نے کہ مراد رنگنے داڑھی سے ہی ساتھ زردی کے اور کہا اور ون نے کہ مراد زرد کپڑے رنگنا ہی اور پہننا اونکا ہی اور تایید کرتی ہی قول ثانی کو یہ زیادتی کہ نکالا ہی اوسکو ابوداود اور نسائی نے قول اونکا کہ رنگتے تھے کپڑے اپنے یہان تک کہ اپنا عمامہ بھی اور حدیث دلالت کرتی ہی مشروعیت پر رنگنے کپڑون کے زردی سے اور بیشک آگے ہو چکا ہی کلام اوسمین بیچ بیان حرمت رنگ کسم کے مردون کے حق مین یعنی زردی جو منع ہی وہ صرف کسم کی ہی نہ سوا اسکے جیسا کہ گذر چکا ہی ساتھ قول اوسکے کہ وَیُمْکِنُ الْجَمْعُ بِاَنَّ الصُّفْرَۃَ الَّتِي کَانَ یَصْبَغُ بِھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ غَیْرُ صُفْرَۃِ الْعُصْفُرِ الْمَنْھِيِّ عَنْھَا وَیُؤَیِّدُ ذٰلِكَ مَا سَیَأْتِي فِي بَابِ لُبْسِ الْاَبْیَضِ وَالْاَسْوَدِ مِنْ حَدِیْثِ ابْنِ عُمَرَؓ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَصْبَغُ بِالزَّعْفَرَانِ انتہی ترجمہ اور ممکن ہی جمع درمیان دونون قولون کے باین طور کہ البتہ وہ زردی کہ رنگتے تھے ساتھ اوسکے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غیر زردی کسم کی ہی کہ منع فرمایا ہی اوس سے اور مؤید ہی اس توفیق کو وہ چیز عنقریب آتی ہی بیچ

بیان ہمنے کپڑون سفید اور سیاہ کے حدیث ابن عمر رض سے کہ البتہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم رنگتے تھے کپڑے ساتھ زعفران کے
انتہی اور تحقیق زعفران کے رنگ کی آگے آتی ہی انشاء اللہ تعالی اور اگر کہا جاوے کہ مشکوۃ کی حدیث مذکور میں جو حضرت کے کپڑے
رنگنے کا زردی سے بیان ہی سو قبل نسخ کے تھا تو کہتا ہون مین اوس حال مین کہ جملہ قد کان کی ضمیر حدیث مذکور مین طرف
ابن عمر رض کے پھیری جاوگی چنانچہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ اسی طرف گئے ہین اور تقریر صحابہ مین اسکو کیا کہا جاویگا یعنی مقرر رکھنے
صحابہ کے اونکو اس فعل پر اور نہ انکار کرنے مین اونپر اسکے ارتکاب مین کیا کہا جاویگا سو نہین درست ہی یہان تاویل کرنی ساتھ
زردی داڑھی کے درست ہی یا قول جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا کہ مراد رنگنے سے کپڑونکا رنگنا ہی نہ غیر کا ہان اگر یون
کہا جاوے کہ پہلے جملے مین کہ اَنَّہٗ کَانَ یُصَفِّرُ لِحْیَتَہٗ ہی بیان رنگنے بالون کا ہی اور جملہ اخیرہ مین کہ وَقَدْ کَانَ یَصْبُغُ
بِہَا الخ ہی بیان رنگنے کپڑون کا ہی تو درست اور ٹھیک ہی اور مؤید ہی اس ہمارے قول کو قول صاحب فتح الودود کا کہ کہا ہی
وَقَدْ کَانَ یَصْبُغُ بِہَا اَیْ بِالصُّفْرَۃِ الخ اَلظَّاهِرُ اَنَّ الْمُرَادَ یَصْبُغُ بِہَا الشَّعْرَ وَاَمَّا الثِّیَابُ فَلَمْ یَکُنْ
صِبْغُہَا فِیْمَا بَعْدَ النَّہْیِ انتہی ترجمہ یعنی اور بیشک رنگتے تھے ساتھ اوسکے یعنی زردی کے آخر حدیث تک
ظاہر اس سے مراد یہ ہی کہ رنگتے تھے ساتھ اوسکے بال ولیکن کپڑے رنگنے کا بیان سو اوس عبارت مین ہی جو اسکے بعد ہی اور
معدن الجواہر کے حاشیے مین اوپر قول اوسکے کہ مکروہ ہی پہننا کسنبی اور زعفرانی اور سہ ... نقرۃ وَالْحُمْرَۃِ اَشْہَرُ
کہ مراد زرد سے زرد مائل بسرخی ہی مثل سنہرے کے کیونکہ صرف زرد کا پہننا حضر[illegible] اسکے سین غیر منقوطہ بوٹی زرد رنگ ہی
حلیم سے ثابت ہی سو یہ تاویل کرنی چاہیے کہ موافقت ہو جاوے تو [illegible] کہے ہی مشہور زرد خوشبوؤن کی ہی محمد
محمد اسحاق صاحب رحمہ اللہ تعالی اور مؤید ہی اوسکو تقریر حضرت خاتم [illegible] اشرف انشاء اللہ تعالی اور اسی پر محمول ہین زیادہ
صاحبیۃ المحدثین مولوی شیخ محمد تھانوی نے مولوی محمد صادق لو[illegible] ... قَیْسِ بْنِ سَعْدٍ کہ اَنَّہٗ قَالَ اَتَانَا النَّبِیُّ فَوَضَعْنَا
اللہ سرہ العزیز سے حکم رنگ سرخ و زرد وغیرہ معصفر و مزعفر [illegible] لَہٗ بِمِلْحَفَۃٍ صَفْرَاءَ فَرَاَیْتُ اَثَرَ الْوَرْسِ عَلٰی عُکَنِہٖ
کو ملحوظ رکھنا چاہیے شعر سرخ و زرد کہ در خور [illegible] شرح اَبِیْ دَاوٗدَ تحت حَدِیْثِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللہُ عَنْہُ رَسُوْلَ اللّٰہِ
حاضرین مجلس یہ کیفیت ہوئی کہ بیان سے باہر ہ[illegible] یَصْبُغُ بِالْوَرْسِ فَقَدْ جَاءَ ذٰلِکَ وَجَاءَ فِی الْاِحْرَامِ وَقَدْ
وَاَمَّا الْاَصْفَرُ مِنْ غَیْرِ الزَّعْفَرَانِ اَیِ الزَّعْفَرِ وَجَاءَ اَنَّ الْمَلٰٓئِکَۃَ لَا یَحْضُرُ ... طَاؤُسٍ وَالنَّخَعِیِّ
کا مردون کو ولیکن جو زرد رنگ کہ سوا[illegible] قیس بن سعد نے آئے ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پس رکھے ہم حدیث شریف کے

که مزعفر و شبیه مزعفر نباشد جائز ست لباسی که از گل عصفر رنگ کرده باشند پوشیدن آن لباس هم مکروه ست انتهی نیل الاوطار

میں بیچ شرح حدیث ابن عمر رض کے ہے اِنَّهُ كَانَ يَصْبُغُ ثِيَابَهُ وَيَدَّهِنُ بِالزَّعْفَرَانِ فَقِيلَ لَهُ لِمَ تَصْبُغُ

ثِيَابَكَ وَتَدَّهِنُ بِالزَّعْفَرَانِ فَقَالَ اِنِّي رَأَيْتُهُ اَحَبَّ صِبَاغٍ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

يَدَّهِنُ بِهِ وَيَصْبُغُ ثِيَابَهُ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَخْرَجَ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ مِنْ حَدِيثِ عُبَيْدِ بْنِ جُرَيْجٍ عَنِ

ابْنِ عُمَرَ رض اَنَّهُ قَالَ وَاَمَّا الصُّفْرَةُ فَاِنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْبُغُ بِهَا فَاَنَا اُحِبُّ

اَنْ اَصْبُغَ بِهَا قَالَ الْمُنْذِرِيُّ وَاخْتَلَفَ النَّاسُ فِي ذٰلِكَ فَقَالَ بَعْضُهُمْ اَرَادَ خِضَابَ اللِّحْيَةِ

بِالصُّفْرَةِ وَقَالَ آخَرُونَ تَصْفِيرَ ثِيَابِهِ وَتَلَبُّسَهُ ثِيَابًا صَفْرَاءَ وَيُؤَيِّدُ الْقَوْلَ الثَّانِي تِلْكَ الزِّيَادَةُ

الَّتِي اَخْرَجَهَا اَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ قَوْلُهُ حَتَّى عِمَامَتَهُ بِالنَّصْبِ وَالْحَدِيثُ يَدُلُّ عَلَى مَشْرُوعِيَّةِ

صَبْغِ الثِّيَابِ بِالصُّفْرَةِ وَفِيهِ اَيْضًا مَشْرُوعِيَّةُ الْاِدِّهَانِ بِالزَّعْفَرَانِ وَمَشْرُوعِيَّةُ صِبَاغِ

اللِّحْيَةِ بِالصُّفْرَةِ انتهى ترجمہ یعنی البتہ ابن عمر رض رنگتے تھے کپڑے اپنے اور چکنا کرتے تھے بالوں کو زعفران سے

سو کہا گیا اون سے آپ کیوں رنگتے ہو کپڑے اپنے اور چکنے کرتے ہو بال زعفران سے سو کہا ابن عمر رض نے البتہ دیکھا میں نے

صَبْغُ الثِّيَابِ بِالصُّفْرَةِ ہے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چکنے کرتے تھے بال تیل سے ساتھ زعفران کے

منذری نے کہ اختلاف کیا ہے لو... نے روایت کی ہے اسکو احمد نے اور نکالا ہے بخاری اور مسلم نے حدیث عبید بن جریج سے اونھوں

اور روں نے کہ مراد زرد کپڑے ... زردی سو بیشک دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رنگتے تھے ساتھ

نے قول اونکا کہ رنگتے تھے کپڑے اپنے یہان ... ون کپڑے زعفران سے کہا منذری نے کہ اختلاف کیا ہے لوگوں نے اس میں

زردی سے اور بیشک آگے ہو چکا ہے کلام اوس میں بیچ ... زردی سے اور کہا اوروں نے کہ مراد زرد کپڑے رنگنا اور پہننا اونکا

صرف کسم کی ہے سوا اسکے جیسا کہ گذر چکا ہے ساتھ ... نے ابو داؤد اور نسائی نے قول اونکا کہ رنگتے تھے کپڑے اپنے یہان

يَصْبُغُ بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ... کپڑوں کے زردی سے اور بیچ اس حدیث کے ہے بھی مشروعیت

سَيَأْتِي فِي بَابِ لُبْسِ الْاَبْيَضِ وَالْاَسْوَدِ ... ہی کا ساتھ زردی کے انتہی اور ایسے ہی ہے تن کا رنگ

يَصْبُغُ بِالزَّعْفَرَانِ انتهى ترجمہ اور ممکن ... ہو کرتے تھے جیسے بقیۃ المحدثین مولوی شیخ محمد نذیر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غیر زردی کسم کی ہے کہ منع فرمایا ہے اس سے اور مؤید ہے استاد الآفاق مولانا محمد اسحاق رحمۃ اللہ علیہ سے

سند مشکوٰۃ شریف اور سنن ابو داؤد کی لیا کرتا تھا تو ان ایام میں ایکدن صبح کیوقت ایک گھڑی دن بھی نہیں چڑھا ہوگا
حضرت مولانا ممدوح کی خدمت میں واسطے سند کے حاضر ہوا تو اوسوقت حضرت استاد مسبوق الذکر ایک فرد رضائی کی اوڑھے
بیٹھے تھے استر اوسکا برنگ زرد خالص ورس سے رنگا ہوا تھا اور اوپر کا ابرہ اوسکا اودا رنگا ہوا تھا قریب دوپہر تک حضرت استاد
ممدوح اوسی رضائی کو اوڑھے ہوئے اس خاکسار اور اور طلبہ کو سبق دیتے رہے پھر اس خاکسار نے بھی اتباعاً لہم ایک رضائی کہ
ابرہ اوسکا عاقل خانی اور استر اوسکا صرف زرد رنگ ورس سے رنگا ہوا تھا طیار کرائی اور اکثر اوقات اوسکو اوڑھ کر واسطے سند کے
حاضر خدمت سراپا افادت حضرت استاد الآفاق مسبوق الذکر کے ہوا کرتا تھا اور واضح ہو کہ ورس نام ہے ایک گھاس
کا کہ ملک یمن میں وہ اکثر ہوتی ہے نیل الاوطار میں ہے اَلْوَرْسُ بِفَتْحِ الْوَاوِ وَسُكُونِ الرَّاءِ بَعْدَهَا سِينٌ مُهْمَلَةٌ
نَبْتٌ أَصْفَرُ طَيِّبُ الرَّائِحَةِ يُصْبَغُ بِهَا انتہی ترجمہ ورس ساتھ فتح واو اور سکون رے کے کہ بعد رے کے سین غیر منقوطہ
ہے ایک بوٹی ہے زرد رنگ خوشبو والی رنگتے ہیں ساتھ اوسکے کپڑے انتہی اور نہایہ میں ہے اَلْوَرْسُ نَبْتٌ أَصْفَرُ يُصْبَغُ
بِهِ وَالْوَرْسِيَّةُ الْمَصْبُوغَةُ بِهِ انتہی ترجمہ یعنی ورس بوٹی زرد رنگ ہے رنگتے ہیں ساتھ اوسکے کپڑے اور ورسیہ منسوب
طرف اوسکے ہے یعنی کپڑا رنگا ہوا ساتھ ورس کے انتہی ابو الطیب نے شرح سنن ترمذی میں لکھا ہے اَلْوَرْسُ بِفَتْحِ الْوَاوِ وَسُكُونِ
الرَّاءِ بَعْدَهَا سِينٌ مُهْمَلَةٌ نَبْتٌ أَصْفَرُ طَيِّبُ الرِّيحِ فَيُصْبَغُ بِهِ بَيْنَ الصُّفْرَةِ وَالْحُمْرَةِ أَشْهَرُ
طِيبٍ فِي بِلَادِ الْيَمَنِ انتہی ترجمہ یعنی ورس ساتھ فتح واو کے اور سکون رے کے بعد اوسکے سین غیر منقوطہ بوٹی زرد رنگ ہے
خوشبودار رنگتے ہیں ساتھ اوسکے کپڑے اور رنگت اوسکی درمیان زردی اور سرخی کے ہے مشہور زیادہ خوشبوؤں کی ہے بیچ
شہروں یمن کے انتہی اور حد جواز اوسکے رنگ کی عدم نشاء اور تفاوح ریح ہے کما ستعرف انشاء اللہ تعالی اور اسی پر محمول ہے [illegible]
ما توحح کا اور بعض علما جو مطلق ورس کے رنگ کو جائز کہتے ہیں متمسک بحدیث قیس بن سعد کہ اِنَّهُ قَالَ أَتَانَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعْنَا لَهُ مَاءً يَتَبَرَّدُ بِهِ فَاغْتَسَلَ ثُمَّ أَتَيْتُهُ بِمِلْحَفَةٍ صَفْرَاءَ فَرَأَيْتُ أَثَرَ الزَّعْفَرَةِ
عُكَنَتِهِ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ كَمَا قَالَ فِي فَتْحِ الْوَدُودِ شَرْحِ أَبِي دَاوُدَ تَحْتَ حَدِيثِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ رَسُولِ اللهِ
أَنَّهُ كَانَ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ الخ قِيلَ وَلَعَلَّهُ كَانَ يَصْبُغُ بِالْوَرْسِ فَقَدْ جَاءَ ذَلِكَ وَجَاءَ فِي الْإِحْرَامِ وَقْفَةً
وَرْسِيَّةً رَوَاهُ ابْنُ سَعْدٍ فَلَا يُنَافِيهِ نَهْيُ التَّزَعْفُرِ وَجَاءَ أَنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا يَحْضُرُ الطَّاوُسَ وَالنَّخْعِيَّ
الْمُتَضَمِّخَ بِالزَّعْفَرَانِ انتہی ترجمہ کہا قیس بن سعد نے آئے ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پس کے بیچ حدیث شریف کے

اوسکے پانی کہ ٹھنڈے ہوویں ساتھ اوسکے پھر غسل کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور بعد اوسکے لایا مین ایک چادر زرد پس
اوڑھی اوسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر دیکھا مینے اثر زردی ورس کا اوپر شکن شکم مبارک کے روایت کی اسکی ابن ماجہ نے
جیسے بیان کیا ہے فتح الودود شرح ابو داؤد کے بیچ حدیث ابن عمرؓ کے کہ البتہ رنگتے تھے ابن عمرؓ داڑھی اپنی کو الخ کہا بعضون نے
شاید رنگتے تھے ساتھ ورس کے سو بیشک آیا ہے حدیث کے رنگنا لحیہ کا ساتھ ورس کے اور آیا یہ کہ البتہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
پہنا ملحفہ ورسیہ یعنی چادر زرد رنگ روایت کیا اسکو ابن سعد نے پس نہین منافی ہے زردی ورس کو منع ہونا زردی زعفران کا اور آیا ہے حدیث
مین کہ البتہ ملائکہ نہین حاضر ہوتے ہین جنازے پر اوس شخص کے کہ بسا گیا ہو ساتھ خوشبو زعفران کے انتہی سو جواب دیا گیا ہے اوس سے
کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے طِيبُ الرِّجَالِ مَا ظَهَرَ رِيحُهُ وَخَفِيَ لَوْنُهُ وَطِيبُ النِّسَاءِ مَا ظَهَرَ لَوْنُهُ وَ
خَفِيَ رِيحُهُ وَفِي رِوَايَةٍ أَلَا أَنَّ طِيبَ الرِّجَالِ مَا ظَهَرَ رِيحُهُ وَخَفِيَ لَوْنُهُ الخ ترجمہ یعنی خوشبو مردون کی
وہ ہے کہ ظاہر ہو خوشبو اوسکی اور چھپا ہو رنگ اوسکا اور خوشبو عورتونکی وہ ہے کہ ظاہر ہو رنگ اوسکا اور چھپی ہو خوشبو اوسکی روایت
کیا اوسکو ترمذی اور نسائی نے اور قاعدہ اصول کا ہے کہ جب نہی و اثبات جمع ہون تو ترجیح نہی کو ہوتی ہے بخلاف نفی و اثبات کے
کہ وہان اثبات مقدم ہوتا ہے سو نہ مقبول ہوگا قول اون بعض کا مقابلے مین انکے نیل الاوطار شرح منتقی الاخبار مین اس حدیث کی شرح
مین لکھا ہے وَالْحَدِيثُ يَدُلُّ عَلَى أَنَّهُ يَنْبَغِي لِلرِّجَالِ أَنْ يَتَطَيَّبُوا بِمَا لَهُ رِيحٌ وَلَا يَظْهَرُ لَهُ لَوْنٌ كَالْمِسْكِ
وَالْعَنْبَرِ وَالْعِطْرِ وَالْعُودِ وَأَنَّهُ يُكْرَهُ لَهُمُ التَّطَيُّبُ بِمَا لَهُ لَوْنٌ كَالْخَلُوقِ وَالْعَبِيرِ وَنَحْوِهِ وَأَنَّ النِّسَاءَ
عَلَى الْعَكْسِ مِنْ ذَلِكَ ترجمہ اور حدیث دلالت کرتی ہے اوپر اسکے کہ البتہ جائز ہے واسطے مردون کے خوشبو لگانا اوس چیز سے کہ خوشبو ہو اور
نہ ہو رنگ اوسکا نہ ظاہر ہو جیسے مشک اور عنبر اور عطر اور عود کہ ہندی مین اوسکو اگر کہتے ہین اور البتہ مکروہ ہے مردونکو خوشبو لگانا
زردی سے اوس چیز کہ رنگ اوسکا ظاہر ہو جیسے خلوق کہ ایک نوع خوشبو کی ہے اور عبیر اور مثل اسکے اور اشیا کہ ظاہر اللون و خفی الریح ہین اور
صرف کسم رتون کا برعکس اس حکم کے ہے یعنی قسم ثانی جائز اور قسم اول ناجائز انتہی اور بعض صحابہ سے جو خلوق کا پہننا ثابت ہے وہ محمول ہے
يَصْبُغُ بِهَا تنقیح شرح مصابیح مین ہے اس حدیث کی شرح مین الثَّالِثُ فِي اللَّفْظِ مَا ظَهَرَ رِيحُهُ وَخَفِيَ لَوْنُهُ
سَيَأْتِي فِي بَابِ الْوَرْدِ وَمَا ظَهَرَ لَوْنُهُ وَخَفِيَ رِيحُهُ كَالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ قَالَ الْعُلَمَاءُ هَذَا إِذَا كَانَتْ
يَصْبُغُ بِالزَّعْفَرِ مِنَ الْبَيْتِ فَأَمَّا إِذَا لَمْ تَخْرُجْ وَكَانَتْ عِنْدَ زَوْجِهَا فَلَهَا التَّطَيُّبُ بِمَا شَاءَتْ انتہی
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیچ بیان لفظ کے یعنی وہ چیز کہ ظاہر ہو خوشبو اوسکی اور چھپا ہو رنگ اوسکا مثل عود اور عرق گلاب کے ہے اور

وہ چیز کہ ظاہر ہو رنگ اوسکا اور چھپی ہو خوشبو اوسکی مثل مہندی اور کتم کے یعنی برگ نیل کے ہی کہ اوس سے خضاب کرتے ہین کہا
ہی علما نے یہ حکم یعنی منع ہونا قسم اول کا واسطے عورت کے اور جائز ہونا نوع ثانی کا واسطے اوسکے اوس حالت مین ہی کہ عورت
باہر نکلے گھر سے اور جس وقت خارج نہو گھر سے اور ہووے نزدیک شوہر کے پس جائز ہی اوسکو خوشبو لگانا جس چیز سے کہ چاہے یعنی
استعمال قسم اول کا بھی جائز ہی انتہی وَاَیضًا فِیہَا فِی بَابِ التَّرَجُّلِ عَن عَائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا قَالَت کُنتُ
اُطَیِّبُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ بِاَطیَبِ مَا نَجِدُ حَتّٰی اَجِدَ وَبِیصَ الطِّیبِ فِی رَأسِہٖ وَلِحیَتِہٖ قَالَ
العُلَمَاءُ وَلَو تَطَیَّبَ المُحرِمُ بِطِیبٍ یَبقٰی اَثَرُہٗ بَعدَ الاِحرَامِ کَالمِسکِ وَالغَالِیَۃِ لَم یَحرُم وَبِہٰذَا وَ
اِیرَادُ الشَّیخِ الحَدِیثَ ہُنَا اِشَارَۃٌ اِلٰی اَنَّ ذٰلِکَ لَا یَختَصُّ بِالاِحرَامِ الرَّابِعَۃُ قَالَ بَعضُ الشَّارِحِینَ
فِی الحَدِیثِ اِشکَالٌ وَہُوَ اَنَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ طِیبَ الرِّجَالِ مَا ظَہَرَ رِیحُہٗ وَخَفِیَ
لَونُہٗ وَفِی ہٰذَا الحَدِیثِ کَانَ طِیبُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ مَا ظَہَرَ لَونُہٗ قَالَ وَالوَجہُ اَن یُقَالَ
کُلُّ طِیبٍ لَہٗ لَونٌ وَفِی ذٰلِکَ تَشَبُّہٌ بِالنِّسَاءِ وَیَکُونُ ذٰلِکَ اللَّونُ مُزَیِّنًا لِلجَمَالِ کَالصُّفرَۃِ وَ
الحُمرَۃِ فَذٰلِکَ لَا یَجُوزُ لَہُم وَکُلُّ طِیبٍ لَم یَکُن کَذٰلِکَ فَہُوَ جَائِزٌ کَالمِسکِ وَالعَنبَرِ انتہی
ترجمہ مظاہر حق مین اس حدیث کی شرح مین لکھا ہی کہا حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا نے تھی مین خوشبو لگاتی حضرت کو ساتھ بہتر
خوشبو کے کہ پاتی تھی مین یہان تک کہ پاتی تھی مین چمک خوشبو کی حضرت کے سر اور داڑھی مین فائدہ چوتھا اس
حدیث پر اشکال وارد کرتے ہین ساتھ اوس حدیث کے کہ خوشبو مردون کی وہ ہی کہ پوشیدہ ہو رنگ اوسکا اور اس سے معلوم
ہوا کہ رنگ ہوتا تھا حضرت کی خوشبو مین جب تو چمک ہوتی تھی اوسکا جواب یہ ہی کہ مراد رنگ سے اوس حدیث مین وہ
رنگ ہی کہ اوسکے ظہور مین زینت وجمال ہووے مانند سرخ وزرد کے اور جو رنگ ایسا نہو جیسے رنگ مشک وعنبر کا یہ نہین
ہی اور اس سے معلوم ہوا کہ مثل صندل کے بھی جائز ہی نقلا عن الشیخ اور شیخ نے بعد اسکے لکھا ہی وجہ منع در عصفرہ
ست اگر در ظہور رنگ وی کہ سیاہی ست زینت وجمال اثبات کنند جائز نباشد انتہی ہدایہ مین باب الاحرام میں وَلَا یَلبَسُ
ثَوبًا مَصبُوغًا بِوَرسٍ وَلَا زَعفَرَانٍ وَلَا عُصفُرٍ لِقَولِہٖ عَلَیہِ السَّلَامُ لَا یَلبَسُ المُحرِمُ لِلاِحرَامِ وَقَد
زَعفَرَانٌ وَلَا وَرسٌ اِلَّا اَن یَکُونَ غَسِیلًا لَا یَنفُضُ لِاَنَّ المَنعَ لِلطِّیبِ لَا لِلَّونِ وَفِی النَّخعِیِّ
اور نہ پہنے محرم کپڑے رنگے ہوئے ساتھ ورس یا زعفران یا کسم کے سبب فرمانے رسول اللہ صلی اللہ کے بیچ حدیث شریف کے

کسم کا جس مین آمیزش نیل کی ہوتی ہی وہ کئی قسم کا ہی متن درجۂ اول آنکہ اختلاط نیل کمتر باشد مانند عباسی ترجمہ پہلا درجہ

کہ آمیزش نیل کی اوسمین کمتر ہو جیسے عباسی متن وبعد ازان نافرمانی و آنچہ قریب ویست حکم ست ترجمہ اور بعد اوسکے نافرمانی

ہی اور جو قریب نافرمانی کے ہی حرام ہی متن ودیگر رنگہا ئیکہ نیل دری بسیار باشد وسرخی عصفر کم مانند اودہ وبعد ازان فالسی و

شفتالوی وکاسنی وسوسنی وآسمانی ودھانی ونیلہ وکوکئی وکنجی این ہمہ جائزست ترجمہ اور دوسرے رنگ کہ نیل اونمین بہت ہو

اور سرخی کسم کی تھوڑی ہو جیسے اودا اور بعد اوسکے فالسی اور شفتالوی اور کاسنی اور سوسنی اور آسمانی اور دھانی اور نیلہ اور

کوکئی اور کنجی یہ سب جائز ہین انتہی شرح یہ جائز اسلیے ہین کہ ان رنگون مین غلبہ نیل کا اور سرخی کسم کی مغلوب ہوتی ہی اور

اعتبار غلبے کا ہی اور حضرت رسالت مآب نے اسی کو منع فرمایا ہی جس مین سرخی غالب ہی جیسا کہ حدیث مورد اور مصرح

مین گذر چکا ہی سو اون کے جواز مین کسی کو کلام نہین اگرچہ کسی محل پر بسبب کسی قید کے اونمین سے کوئی رنگنا جائز ہوں جیسا کہ

عالمگیری مین ہی وَلَا یَجُوْزُ صَبْغُ الثِّیَابِ اَسْوَدَ وَاَکْہَبَ تَاَسُّفًا عَلَی الْمَیِّتِ ترجمہ اور نہین جائز رنگنا کپڑوں کا

سیاہ یا بینجنی واسطے سوگ مردے کے انتہی اور قواعد مقررہ سے ہی اَلتَّقْیِیْدُ فِی الرِّوَایَۃِ یَدُلُّ عَلٰی نَفْیِ مَا عَدَاہُ

ترجمہ مقید کرنا ذکر کسی چیز کا روایت مین دلالت کرتا ہی نفی ہونے پر اس حکم کے اون چیزون سے جو اوس روایت مین مذکور نہین ہین

انتہی واضح ہو کہ ماتن رحمۃ اللہ علیہ نے یہان پر جتنے رنگ نیل کے جائز تھے مرکب اور غیر مرکب اون سب کا بیان کر دیا بسبب حاجات کے

اور در مختار مین ہی وَکُرِہَ لُبْسُ الْمُعَصْفَرِ وَالْمُزَعْفَرِ لِلرِّجَالِ وَلَا بَأْسَ بِسَائِرِ الْاَلْوَانِ انتہی ملخصًا

ترجمہ اور مکروہ ہی پہننا کسنبے اور زعفرانی کا مردون کو اور نہین مضایقہ ہی اور سب رنگون کے پہننے مین انتہی منح الغفار مین

وَلَا بَأْسَ بِسَائِرِ الْاَلْوَانِ مِنَ الْاَبْیَضِ وَالْاَزْرَقِ وَالْاَشْقَرِ ترجمہ اور نہین مضایقہ ہی کسی رنگ کے پہننے

مین سفید اور نیلہ اور اشقر سے تحقیق اشقر کی غیاث اللغات مین ہی اشقر ہر شئی سرخ کہ رنگش بزردی وسیاہی زند و

بدین رنگ باشد آنرا سرنگ گویند انتہی سو یہان اشقر وہی رنگ سرخ ہی جو مائل ہو ساتھ زردی اور سیاہی کے

واما زعفرانی رنگی بود کہ مصبوغ از زعفران شود حرام ست بدلیل حدیث نَہٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّتَزَعْفَرَ الرَّجُلُ

یعنی نہی فرمود رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم از آنکہ مرد مصبوغ سازد پارچہای خود را از زعفران

گویند حرام ست تا وقتیکہ رنگ زعفران باقی ست حد آن آنست کہ رنگش افشاندہ نشود وتیرہ نگردد واگر

از اکثر روایات معلوم می شود کہ جائز ست ورنہ حرام ست واللہ تعالی اعلم ترجمہ اور رنگ زعفرانی

رسول اللہ ... الاحرام وقد ... طاؤس والنخعی ... کے بیچ حدیث شریف کے

رنگا گیا ہو حرام ہی ساتھ دلیل حدیث کے کہ نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الخ منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
اس سے کہ مرد رنگے کپڑے لپنے زعفران سے روایت کیا اوسکو مسلم نے اور اس رنگ کو مزعفر کہتے ہین حرام ہی
جب تک کہ رنگ زعفران کا باقی رہے اور حد حرمت کی وہ ہی کہ رنگ اوسکا نہ جھڑا ہوا ور نہ ماند ہوا ہو اور جو حد جھڑنے
اور ماند ہونے کو پہنچے تو اکثر روایتوں سے معلوم ہوتا ہی کہ درست ہی اور نہین تو حرام ہی واللہ تعالی اعلم شرح
نووی مین بیچ شرح اس حدیث اور حدیث اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ التَّزَعْفُرِ کے
لکھا ہی هٰذَا دَلِيْلُ مَذْهَبِ الشَّافِعِيِّ وَمُوَافِقِيْهِ فِيْ تَحْرِيْمِ لُبْسِ الثَّوْبِ الْمُزَعْفَرِ عَلَى الرَّجُلِ
ترجمہ یعنی یہ حدیثین دلیل ہین مذہب شافعی کی اور اونکی جو موافق اونکے ہین حرام کر دینے مین پہننے کپڑے مزعفر
کے مردون پر اور یہ حد جواز کی جو ابن رحمۃ اللہ علیہ نے لکھی ہی حدیث قیلہ بنت مخرمہ سے معلوم ہوئی کہا اونھون نے
رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ اَسْمَالُ مُلَيَّتَيْنِ كَانَتَا بِزَعْفَرَانٍ وَقَدْ نَفَضَتْهُ ترجمہ یعنی دیکھا
مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اوس حال مین کہ اوپر پرانی دو چادرین تھین رنگی ساتھ زعفران کے اور بیشک گرا دیا تھا اون
دو چادرون نے رنگ کو یعنی تیزی اونکے رنگ کی جاتی رہی تھی روایت کیا اوسکو ترمذی نے شمائل مین اور اوسکی شرح
انوار محمدی مین لکھا ہی کہ اس حدیث سے یہ مسئلہ نکلا کہ کسم یا زعفران کا رنگا کپڑا رنگ مٹنے کے بعد پہننا درست ہی انتہی اور
مفاتیح شرح مصابیح مین حدیث نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شرح مین لکھا ہی اَلثَّانِيَةُ فِيْ لَفْظِ التَّزَعْفُرِ اَلتَّزَعْفُرُ
اِسْتِعْمَالُ الزَّعْفَرَانِ وَالطِّيْبِ الْمُزَعْفَرِ فِي الثَّوْبِ وَالْبَدَنِ اَلثَّالِثُ النَّهْيُ عَنِ التَّزَعْفُرِ لِلْحُرْمَةِ
قِيْلَ لِلْكَرَاهَةِ اَلرَّابِعَةُ قَالَ الْعُلَمَاءُ الْمُرَادُ بِهٰذَا النَّهْيِ الْكَثِيْرُ مِنْ ذٰلِكَ اَمَّا الْقَلِيْلُ فَقَدْ
وَرَدَتِ الرُّخْصَةُ بِذٰلِكَ لِلْمُتَزَوِّجِ فَاِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى عَلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ
صُفْرَةً فِيْ اَثَرِ صُفْرَةٍ مِّنَ الزَّعْفَرَانِ وَلَمْ يُنْكِرْ وَهٰذَا فِيْ حَقِّ الرِّجَالِ اَمَّا النِّسَاءُ فَهُوَ لَهُنَّ
يَصْبُغُ بِهَا الْقَلِيْلَ وَالْكَثِيْرَ اِذَا لَمْ يَخْرُجْنَ مِنَ الْبَيْتِ انتہی ترجمہ فائدہ دوسرا بیچ تحقیق لفظ تزعفر
سیاتی فی جیبہ مین استعمال کرنیکو زعفران کے یا استعمال کرنیکو اوس خوشبو کے جس مین زعفران ملا ہو کپڑے مین یا
یصبغ بالزعفر بدن مین تیسرا فائدہ بیان مین تحقیق نہی کے نہی اس حدیث مین استعمال زعفران سے حرمت کے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ واسطے لیے ہی چوتھا فائدہ بیچ بیان حد حرمت اوسکے رنگ مین اور اباحت اوسکی مین کہا علمائے

مراد ساتھ اس نہی کے رنگ کثیر ہی اوس سے یعنی زعفران سے اور اگر تھوڑا ہی رنگ اوسکا پس تحقیق وارد ہوئی ہی رخصت اوسکے
واسطے نئے دولہے کے یعنی نئے نکاح کرنیوالے کے حق مین تھوڑا رنگ اوسکا درست ہی تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا
عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اثر زردی کا زعفران کی اور نہ انکار کیا اوسکا اور یہ دولہے کے حق مین ہی اور عورتون
کے حق مین وہ درست ہی تھوڑا ہو یا بہت جب تک گھر سے باہر نہ نکلین انتہی صاحب نیل الاوطار بیان احرام مین بیچ
اس حدیث کے لکھتا ہی وَلَا تَلْبَسُوا شَيْئًا مِّنَ الثِّيَابِ مَسَّهُ الزَّعْفَرَانُ وَلَا الْوَرْسُ وَظَاهِرُ قَوْلِهِ مَسَّهُ
تَحْرِيمُ مَا صُبِغَ كُلُّهُ وَلَكِنَّهُ لَا بُدَّ عِنْدَ الْجُمْهُورِ مِنْ أَنْ يَكُونَ لِلْمَصْبُوغِ رَائِحَةٌ فَإِنْ ذَهَبَتْ جَازَ
لُبْسُهُ خِلَافًا لِمَالِكٍ رَحِمَهُ اللهُ ترجمہ یعنی ظاہر قول اوس حدیث سے کہ مسّہ ہی حرام ہونا اوس کپڑیکا ثابت ہوا
کہ رنگا گیا ہو کل یا بعض ولیکن ضرور ہی نزدیک جمہور کے اس سے کہ ہو واسطے رنگے ہوئے کے خوشبو پھر اگر جاتی رہے خوشبو اوسکی تو
جائز ہی پہننا اوسکا بشرطیکہ حد جھڑنے اور بازرہونے کو پہنچا ہو جیسا کہ مذکور ہوچکا بخلاف امام مالک کے ہدایہ اور اوس کے حاشیہ کفایہ
اور عنایہ مین درمیان باب الاحرام کے ہی لَا يَلْبَسُ ثَوْبًا مَصْبُوغًا بِوَرْسٍ وَلَا زَعْفَرَانٍ وَلَا عُصْفُرٍ إِلَّا أَنْ
يَكُونَ غَسِيلًا لَا يَنْفُضُ أَيْ لَا يَتَنَاثَرُ صِبْغُهُ وَعَنْ مُحَمَّدٍ رَحِمَهُ اللهُ أَنْ لَا يَتَعَدَّى أَثَرُ الصِّبْغِ
إِلَى غَيْرِهِ أَوْ لَا يَفُوحُ مِنْهُ رَائِحَةُ الطِّيبِ انتہی ملخصًا ترجمہ نہ پہنے محرم کپڑا رنگا ہوا ورس کا اور نہ زعفران
کا اور نہ کسم کا مگر یہ کہ ہو دھویا ہوا کہ اثر نہ لگتا ہو بدن کے یعنی نہ جھڑتا ہو رنگ اوسکا اور امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ سے مروی ہی
کہ نہ لگے اثر اوسکا دوسرے کپڑے پر یا نہ آوے اوس سے خوشبو انتہی ملخصًا یعنی مراد تناثر رنگ سے تیزی اوسکی ہی یا خوشبو اوسکی ہی اور تناثر
فی حد ذاتہ پایا جاوے یا نہیں کیونکہ وقت تیزی رنگ کے یہ پایا جاتا ہی اگرچہ کلیہ نہیں فافہم ہکذا قال بقیۃ المحدثین مولوی شیخ محمد تھانوی
اور فتح القدیر مین ہی وَعَنْ مُحَمَّدٍ أَيْضًا أَنَّ مَعْنَاهُ أَنْ لَا يَتَعَدَّى مِنْهُ الصِّبْغُ وَكِلَا التَّفْسِيرَيْنِ
صَحِيحٌ وَقَدْ وَقَعَ الِاسْتِثْنَاءُ فِي نَصِّ حَدِيثِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض فِي الْبُخَارِيِّ فِي قَوْلِهِ إِلَّا الْمُزَعْفَرَةَ
الَّتِي تَرْدَعُ الْجِلْدَ وَقَالَ الطَّحَاوِيُّ حَدَّثَنَا فَهْدٌ وَسَاقَهُ إِلَى ابْنِ عُمَرَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا تَلْبَسُوا ثَوْبًا مِّنْ وَرْسٍ أَوْ زَعْفَرَانٍ إِلَّا أَنْ يَكُونَ غَسِيلًا فِي الْإِحْرَامِ وَقَدْ
رُوِيَ ذَلِكَ عَنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الْمُتَقَدِّمِينَ ثُمَّ أَخْرَجَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَطَاؤُسٍ وَالنَّخَعِيِّ
إِطْلَاقَهُ فِي الْغَسِيلِ انتہی ترجمہ اور امام محمد رحمہ اللہ سے بھی روایت کی گئی ہی کہ معنی لا ینفض کے بیچ حدیث شریف کے

